https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعرات 30 جولائی 2026ء | 15 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 114

پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے

شہباز شریف

پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے دیانت دار مخلص ثالث و سہولت کار کا کردار ادا کر رہا ،کوششوں کی حمایت پر کویتی قیادت کے شکر گزار ہیں

وزیراعظم سے کویتی وزیر خارجہ کی ملاقات، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، آئی ٹی سمیت دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کویت نے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ خلیجی ممالک پر ہونے والے حملوں کی بھی شدید مذمت کی ہے۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف سے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے ملاقات کی اس موقع پر نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرائے دفاع، تجارت، قومی غذائی تحفظ و تحقیق، مواصلات، بحری امور اور پیٹرولیم، وزیراعظم کے مشیر اور حکومت کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علاقائی صورت حال، باہمی دلچسپی کے امور اور مستقبل میں اعلیٰ سطح کے وفود کے تبادلے اتفاق کیا گیا۔ فریقین نے دیرینہ برادرانہ (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء کابینہ کے اجلاس میں ہونے والے فیصلوں سے متعلق منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی وزیر بحری امور سے قازقستان کے سفیر کی الوداعی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری سے قازقستان کے سفیر یرزہان کستافین نے الوداعی (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

مختلف اداروں کے علیحدہ علیحدہ ڈیٹا سینٹرز کے قیام کو روکنے سے قومی وسائل کی بچت ہوگی' شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ وفاقی حکومت کے زیر انتظام نئے قائم کردہ قومی سطح (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

آئندہ 4 سال کیلئے حج پالیسی کا اعلان کر دیا گیا

ابتدائی حج اخراجات تخمینہ 12 سے 13 لاکھ مقرر، سرکاری سکیم کا کوٹہ 60 فیصد، پرائیویٹ کا 40 فیصد مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے آئندہ چار سال کیلئے حج پالیسی کا اعلان کر دیا ہے، حج 2027ء کیلئے درخواستوں کی وصولی 10 سے 15 دنوں میں (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار اور کویت کے وزیر خارجہ کے درمیان وزارت خارجہ میں وفود کی سطح کے مذاکرات

فریقین کا ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنانے، اعلیٰ سطح کے رابطوں کے تبادلوں سے دوطرفہ تعاون مزید موثر منظم بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے بدھ کو یہاں وزارت خارجہ میں وفود کی سطح کے مذاکرات کی مشترکہ صدارت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق دونوں فریقوں نے پاکستان اور کویت (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور کویت علاقائی امن استحکام اور خوشحالی کیلئے مشترکہ وژن رکھتے ہیں فیلڈ مارشل

فریقین کا دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار

فیلڈ مارشل سے کویتی وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح کی ملاقات، دوطرفہ تعاون، علاقائی سلامتی پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعاون اور علاقائی سلامتی پر تبادلہ خیال اور برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے پاکستان میں متعین کویتی سفیر ناصر عبدالرحمان جے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کابینہ اجلاس: حکومت عوامی فلاح و بہبود کے ایجنڈے پر سنجیدگی سے عمل پیرا ہے، سرفراز بگٹی

ورکرز ویلفیئر بورڈ اسکالرشپ کے تحت 300 بچوں کو تعلیم فراہم کرنے، ساؤتھ بلوچستان پیکج کے مختلف منصوبوں کی سیکورٹی کیلئے 858 ملین روپے، ہرنائی سبی شاہراہ کو وفاقی حکومت کے ساتھ 80 اور 20 فیصد اشتراک سے مکمل کرنے، تعمیر نو کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کی منظوری، صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی اور میر ضیاء اللہ لانگو

صوبائی کابینہ کے فیصلوں کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، گڈ گورننس کا فروغ، امن وامان کی مزید بہتری، ترقیاتی عمل میں تیزی اور صوبے میں مؤثر انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان کی صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر این این آئی) صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی اور میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان کابینہ نے ورکرز ویلفیئر بورڈ اسکالرشپ کے تحت 300 بچوں کو تعلیم فراہم کرنے، ساؤتھ بلوچستان پیکج کے مختلف منصوبوں کی سیکورٹی کیلئے 858 ملین روپے، ہرنائی سبی شاہراہ کو وفاقی حکومت کے ساتھ 80 اور 20 فیصد اشتراک سے مکمل کرنے، تعمیر نو کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے، پارکور یفائزری کے این (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا ایک اہم اجلاس بدھ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں عوامی فلاح، امن و امان، تعلیم، بلدیاتی نظام، ترقیاتی منصوبوں اور انتظامی امور سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز میں مختلف واقعات میں شہید ہونے والے سیکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں اور سویلین شہداء کے درجات کی بلندی (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

مولانا ہدایت الرحمٰن کی وفاقی وزیر احسن اقبال سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال سے ملاقات کی، ملاقات میں چیف انجینئر گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی حاجی سید محمد بھی (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

فلسطین پر اسرائیلی قبضے تک مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن ممکن نہیں، پاکستان

مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی پر باعث تشویش، امریکہ، ایران گزشتہ ماہ طے پانے والی مفاہمتی یادداشت پر عمل کریں، عاصم افتخار

نیو یارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ فلسطین پر اسرائیلی قبضہ برقرار رہنے تک مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ سلامتی کونسل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عاصم افتخار نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر گہری تشویش ہے، امریکا اور ایران گزشتہ ماہ طے پانے والی مفاہمتی یادداشت پر عمل (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی اور جے یو آئی کا پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق

پارلیمان کے اندر حکومت کو ٹف ٹائم دیا جائے گا جبکہ آئندہ سیشن میں حکومتی اقدامات پر مشترکہ احتجاج بھی کیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور جمعیت علماء اسلام (ف) میں تعاون کی مشترکہ حکمت عملی طے پا گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی اور جے یو آئی (ف) کا پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق ہوا ہے، پارلیمان کے اندر حکومت کو ٹف ٹائم دیا جائے گا جبکہ آئندہ سیشن میں حکومتی اقدامات پر مشترکہ احتجاج بھی کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی کے بعد ایوان سے باہر اتحاد پر بات (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

چوری شدہ رزلٹ تسلیم نہیں، بلاول بھٹو کا آزاد کشمیر الیکشن کے نتائج ماننے سے انکار

ن لیگ جونسل درنسل دھاندلی کی پیداوار ہیں، انہیں یہ غلط فہمی ہے کہ جس طرح وہ ماضی میں ووٹ چوری کر کے اقتدار میں آتے رہے ہیں

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا، مخالفین نے اقتدار کو ذاتی مفادات، دھاندلی نظام کو مضبوط کرنے کیلئے استعمال کیا، چیئرمین پیپلز پارٹی

مظفر آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے آزاد کشمیر الیکشن کے نتائج ماننے سے انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور کشمیر کا رشتہ محض انتخابی نہیں، تین نسلوں پر محیط تاریخی اور نظریاتی تعلق ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر شہید بینظیر بھٹو تک ہم نے ہر فورم پر کشمیر کے مقدمے کو عالمی سطح پر اجاگر کیا اور دنیا کو یہ پیغام دیا کہ کشمیر کا فیصلہ کشمیری عوام کی امنگوں کے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فورسز کا آپریشن، 32 دہشت گرد ہلاک

خیبر میں 24 اور بلوچستان کے ضلع نوشکی میں آٹھ دہشتگرد ہلاک ہوئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے گزشتہ 24 گھنٹوں میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشنز کے دوران 32 دہشت گرد مارے (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

امریکی سینیٹ نے جے کلیٹن کو قومی انٹیلی جنس کا نیا سربراہ مقرر کرنے کی منظوری دے دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹ نے سابق چیئرمین سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن (ایس ای سی) جے کلیٹن کو قومی انٹیلی جنس کا نیا ڈائریکٹر مقرر کرنے کی منظوری دے دی۔

نوشکی میں 3 روز کیلئے کرفیو نافذ

نوشکی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں امن وامان کی صورتِ حال کے باعث 3 روز کیلئے کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے نوٹیفکیشن کے مطابق امن و امان کی خراب صورتِ حال کے باعث ضلع نوشکی میں منگل 31 جولائی کی رات 8 بجے تک کرفیو (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت کی انسانی سمگلنگ کے خاتمے کیلئے قومی عزم کی تجدید

انسانی سمگلنگ محض قانونی جرم نہیں انسانی حقوق کی سنگین ترین خلاف ورزیوں میں سے ایک ہے' آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ہم عالمی یوم انسداد انسانی سمگلنگ پر اس گھناؤنے جرم کے خاتمے کیلئے اپنے قومی عزم کی تجدید کرتے ہیں، انسانی سمگلنگ محض ایک قانونی جرم نہیں بلکہ ہمارے عہد میں انسانی حقوق کی سنگین ترین خلاف ورزیوں میں سے ایک ہے۔ عالمی یوم انسداد انسانی سمگلنگ کے موقع پر جاری بیان میں (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

دانش سکولوں کے اساتذہ کی تربیت کیلئے عالمی معیار کا انسٹیٹیوٹ قائم، زمینیں سکول اتھارٹی کے نام ٹرانسفر کرنے کی منظوری

معاشی طور پر کمزور بچوں کو یکساں تعلیم و ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے دانش سکولوں کے اساتذہ کی تربیت کیلئے عالمی معیار کا انسٹیٹیوٹ قائم، زمینیں سکول اتھارٹی کے نام ٹرانسفر کرنے کی منظوری دیدی۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت دانش اتھارٹی بورڈ کا پہلا اجلاس منعقد (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

ہنگو پولیس چیک پوسٹ پر حملہ، جھڑپ میں 4 دہشتگرد ہلاک، 4 پولیس اہلکار شہید

دہشت گردوں نے ڈی پی او ہنگو اور کیو آر ایف کی گاڑی کو بھی نشانہ بنایا، تاہم ڈی پی او اور ان کے ہمراہ اہلکار محفوظ رہے

پولیس کی بکتر بند گاڑیوں سمیت کئی سرکاری گاڑیوں کو نقصان پہنچنے کی اطلاعات بھی ہیں،

کوہاٹ (این این آئی) ضلع ہنگو کے نواحی علاقے خزینہ بانڈہ میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے کے بعد سیکیورٹی فورسز اور حملہ آوروں کے درمیان کئی گھنٹوں تک جاری رہنے والی شدید جھڑپ میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق چار دہشت گرد ہلاک جبکہ چار پولیس اہلکار شہید ہو گئے۔ فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈی ایس پیز سمیت متعدد پولیس اہلکار زخمی ہوئے جبکہ پولیس کی کئی گاڑیوں کو بھی نقصان (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

کچھی' سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ گاڑی کو نقصان پہنچا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی مچھ کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ گاڑی کو نقصان پہنچا تاہم اہلکار محفوظ واقعے کے بعد سی ٹی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

سندھ اور بلوچستان کی بین الصوبائی سرحد کی سیکیورٹی کے حوالے سے حب میں اہم اجلاس

سرحدی علاقوں میں نئی چیک پوسٹیں تعمیر کرنے کا فیصلہ

حب (این این آئی) سندھ اور بلوچستان کی بین الصوبائی سرحد کی (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وفاقی وزیر جام کمال خان منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوادر سٹی پولیس کی کارروائی پنجاب کے 12 یرغمالی افراد بحفاظت بازیاب

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

کوئٹہ (پ ر) گوادر سٹی پولیس نے کارروائی کے دوران پنجاب سے تعلق رکھنے والے 12 یرغمالی افراد کو بحفاظت بازیاب کر لیا جبکہ تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے تمام اضلاع کا طبی بوجھ کوئٹہ پر آچکا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

اگر ہر ضلع میں جدید ہسپتال، بنیادی مراکز صحت، بیسک ہیلتھ یونٹس اور ضروری طبی عملہ موجود ہو تو عوام کو بہتر علاج کیلئے طویل سفر نہیں کرنا پڑے گا

بلوچستان کے عوام کو صحت کی معیاری، جدید اور سستی سہولیات کی اشد ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ورکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ورکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو صحت کی معیاری، جدید اور سستی سہولیات کی اشد ضرورت ہے۔ صوبے کے دور دراز علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات نہ ہونے کے باعث لوگوں کو معمولی بیماریوں کے علاج کیلئے بھی کراچی اور دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے جس سے غریب عوام کو شدید مالی اور ذہنی مشکلات کا (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں دہشت گردی کیلئے نیٹو کا اسلحہ استعمال ہونے کا انکشاف

ٹانک حملے میں 1200 سے 1400 کلو بارودی مواد استعمال ہوا، چاروں خودکش حملہ آور افغان تھے، آئی جی

پشاور (این این آئی) انسپکٹر جنرل خیبر پختونخوا پولیس ذوالفقار حمید نے کہا ہے کہ جنوبی اضلاع میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں افغانستان میں نیٹو افواج کا چھوڑا گیا (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی و گردونواح میں قیامت خیز گرمی، شہری جاں بحق، درجنوں بے ہوش

بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے باوجود شدید گرمی میں انکے ٹرانسفارمرز بغیر کسی وجہ بتائے بند کر دیے جاتے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی میں کیسکو کی لوٹ مار مبینہ منتھلی وصولی کا نوٹس لیا جائے

ڈیرہ اللہ یار/ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار خاکسار تبسم + این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی و گردونواح میں قیامت خیز گرمی اور دم گھٹنے سے ایک شہری جاں بحق درجنوں افراد بے ہوش بجلی کی طویل ترین بندش نے شہریوں کی زندگی کو اذیت ناک بنا دیا گیا۔ نصیر آباد ڈویژن میں شدید گرمی اور حبس کی لہر نے عوام کا جینا دوبرابر کر دیا ہے۔ درجہ حرارت میں نمایاں اضافے اور ہوا میں نمی کا تناسب بڑھنے کے باعث دم گھٹنے والی کیفیت (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

آسٹریلیا میں ایچ فائیو این ون برڈ فلو کے کیسز میں اضافہ، مقامی سطح پر پھیلاؤ کا خدشہ

تمام نئے مشتبہ کیسز گریٹر کریسٹڈ ٹرن نامی سمندری پرندوں میں پائے گئے ہیں

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کی ریاست جنوبی آسٹریلیا کے حکام (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

امریکی وسعودی فوج کے ایران نواز گروہوں پر حملے، 20 جنگجو ہلاک

گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران مشرقی عراق میں دہشت گردوں کے متعدد لاجسٹک اور اسلحہ ذخائر کو نشانہ بنایا، بیان

ریاض/ واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے ایران نواز گروہوں پر حملے کی تصدیق کر دی۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سینٹ کام کا کہنا تھا کہ اس نے سعودی عرب کی افواج کے ساتھ مل کر عراق میں ایران نواز گروہوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔ سینٹ کام کا دعویٰ ہے کہ ان ایران نواز گروہوں نے ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی ہدایات پر امریکی افواج اور سعودی توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا تھا۔ سینٹ کام نے کہا ہے (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی ملک عادل خان بازئی، عبدالرحیم زیارتوال، اصغر خان اچکزئی، مولانا عبدالقادر لونی، آغا حسن بلوچ اور دیگر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری میں منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس اور سانحہ زیارت کے شہداء کے لواحقین کے مشترکہ اجلاس میں شریک ہیں

پاکستانی بندرگاہیں وسطی ایشیا کیلئے ٹرانزٹ ہب بن سکتی ہیں، جنید انوار چوہدری

پاکستان قازقستان کے ساتھ بندرگاہوں، شپنگ، تجارت میں سہولت کاری اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری سے قازقستان کے سفیر یرزہان کستافین نے الوداعی ملاقات کی۔ وزارت بحری امور سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے فروغ، شپنگ، تجارتی سہولت کاری اور علاقائی روابط بہتر بنانے سمیت بحری تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

کچھی' سنی میں دھماکوں کے بعد سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ و جھڑپیں

سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ اور جھڑپوں کا سلسلہ کئی گھنٹوں سے جاری رہا' مقامی آبادی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے سنی میں دھماکوں کے بعد سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ و جھڑپیں ہلاکتوں اور زخمیوں کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے سیکورٹی ذرائع کے مطابق ضلع کچھی کے علاقے سنی میں دھماکوں کے بعد شدید فائرنگ سے پورا علاقہ گونج اٹھا مقامی آبادی کے مطابق سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ اور (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر صحت کی زیر صدارت قومی ٹاسک فورس برائے لائف سٹائل میڈیسن کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

پاکستان ریجنل ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن پارٹنرشپ فریم ورک کے نفاذ میں گرمجوشی سے عمل درآمد

ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے آنے والے ہفتوں میں بارڈر کنیکٹیویٹی اینڈ لاجسٹکس اپ گریڈ فیسیلیٹی کی منظوری متوقع ہے

بارڈر کنیکٹیویٹی اینڈ لاجسٹکس اپ گریڈ فیسیلیٹی کی منظوری متوقع ہے' وفاقی وزیر تجارت سے سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن سیکرٹریٹ کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن) کیسکرٹ (سیکرٹریٹ کے وفد نے ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں وزیر تجارت جام کمال خان کو سیکرٹریٹ کے رکن ممالک کے درمیان تجارت، رابطوں، سرمایہ کاری اور معاشی انضمام کو مضبوط بنانے کیلئے اہم علاقائی اقدامات بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد نے وزیر تجارت کو آگاہ کیا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے آنیوالے ہفتوں میں بارڈر کنیکٹیویٹی اینڈ لاجسٹکس اپ گریڈ فیسیلیٹی کی منظوری متوقع ہے جس کا مقصد پاکستان (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

قلات ڈویژن کے خاتے اور مستونگ کو کوئٹہ میں شامل کرنے کیخلاف آئینی درخواست کی سماعت' فریقین نوٹسز جاری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ نے قلات ڈویژن کے خاتے اور مستونگ کو کوئٹہ ڈویژن میں شامل کرنے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)



صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ اپنے آفس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بارکھان میں زلزلہ کے جھٹکے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) ضلع بارکھان کے علاقے میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق بدھ کو رکھنی کے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان امریکہ تجارت 20 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف گیم چینجر ثابت ہو سکتا ہے، عبدالقادر

اقتصادی سفارت کاری، امریکی سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون سے برآمدات، روزگار اور ٹیکنالوجی کی منتقلی میں نمایاں اضافہ ممکن ہے

امریکی کاروباری اداروں اور عالمی سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان میں سرمایہ کاری کا ماحول مزید سازگار بنائے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ برسوں میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تجارتی حجم کو 20 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف پاکستان کی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہو سکتا ہے۔ اس سے نہ صرف دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے بلکہ برآمدات، صنعتی پیداوار، روزگار، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں بھی نمایاں اضافہ (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی، جے یو آئی کا پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق

حکومت کو ٹف ٹائم دینے، آئندہ سیشن میں حکومتی اقدامات پر مشترکہ احتجاج کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی اور جے یو آئی (ف) نے پارلیمان میں مشترکہ حکمت عملی سے چلنے پر اتفاق کر لیا۔ ذرائع کے مطابق سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی سربراہی میں پی ٹی آئی وفد نے گزشتہ دنوں مولانا فضل الرحمان سے اہم ملاقات کی جس میں دونوں جماعتوں نے مل کر چلنے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں پارلیمان کے اندر حکومت کو ٹف ٹائم دینے، آئندہ سیشن میں حکومتی اقدامات پر مشترکہ احتجاج کا فیصلہ کیا گیا۔

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

حکومت کا رائٹ سائزنگ کے حوالے سے اقدامات پر عملدرآمد تیز

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی اور بہتر تربیت سے سرکاری اداروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جائے، رائٹ سائزنگ کے تحت ختم کی گئی آسامیوں اور اداروں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی حکومت کے حجم میں کمی اور حکومتی استعدادِ کار بڑھانے سے متعلق جائزہ اجلاس میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی اور بہتر تربیت سے سرکاری اداروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جائے، غیر ضروری آسامیوں اور عہدوں کا خاتمہ اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔ رائٹ سائزنگ کے اقدامات کے تحت یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن، پاک پی ڈبلیو ڈی اور پاسکو بند کیے جا چکے ہیں جن سے قومی خزانے کو بچت ہو رہی ہے۔ رائٹ سائزنگ کے تحت ختم کی گئی آسامیوں اور اداروں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے۔ رائٹ سائزنگ کمیٹی اپنی باقی ماندہ سفارشات ایک ماہ میں مکمل کرے۔ وزیراعظم نے حکومت کی کارکردگی میں بہتری لانے کیلئے رائٹ سائزنگ کے حوالے سے اقدامات پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں رائٹ سائزنگ کمیٹی کی جانب سے رائٹ سائزنگ کے حوالے سے اقدامات کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ رائٹ سائزنگ اقدامات سے سول حکومت کے اخراجات کا جی ڈی پی میں تناسب کم ہوا، مختلف وزارتوں اور سرکاری محکموں میں خالی آسامیوں کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ایس او ایز، اور خود مختار اداروں کی رائٹ سائزنگ کے حوالے سے تجاویز مرتب کی جا رہی ہیں، پی آئی اے اور فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ کی نجکاری ہو چکی ہے اور متعدد سرکاری ملکیتی اداروں کی نجکاری کے حوالے سے اقدامات لیے جا رہے ہیں۔

لالچ، حرص اور ہوس انسان کو اندھا کر دیتی ہے

انسانی زندگی کی کامیابی صرف دولت، طاقت یا شہرت حاصل کرنے میں نہیں، بلکہ اپنی خواہشات، جذبات اور رویّوں پر قابو پانے میں بھی ہے۔ انسان کی فطرت میں ترقی کرنے، بہتر زندگی گزارنے اور زیادہ حاصل کرنے کی خواہش موجود ہوتی ہے، جو اگر اعتدال میں ہو تو محنت، جدوجہد اور ترقی کا ذریعہ بنتی ہے۔ لیکن جب یہی خواہش حد سے بڑھ کر لالچ، حرص اور ہوس کی شکل اختیار کر لیتی ہے تو انسان صحیح اور غلط میں تمیز کھو بیٹھتا ہے۔ ایسی صورت میں دولت، اختیار، شہرت یا ذاتی مفاد حاصل کرنے کی خواہش اس کی سوچ پر اس قدر غالب آ جاتی ہے کہ وہ اخلاقی اقدار، انصاف، ہمدردی اور دیانت داری کو بھی نظر انداز کرنے لگتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ بے شمار افراد، ادارے اور قومیں اسی بے قابو لالچ کے باعث زوال کا شکار ہوئیں۔

اسلام انسان کو رزقِ حلال، قناعت، اعتدال اور انصاف کی تعلیم دیتا ہے۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: "زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کی خواہش نے تمہیں غفلت میں ڈال دیا ہے۔" (سورۃ التکاثر، 1:102) یہ آیت انسان کو متنبہ کرتی ہے کہ مال، حیثیت اور دنیاوی چیزوں کو بے حد جمع کرنے کی خواہش اسے اپنی اصل ذمہ داریوں اور آخرت کی تیاری سے غافل کر سکتی ہے۔ جب دولت یا دنیاوی مفاد ہی زندگی کا واحد مقصد بن جائیں تو انسان انصاف، اخلاق اور انسانیت سے دور ہوتا چلا جاتا ہے۔ اسلام دولت حاصل کرنے سے منع نہیں کرتا، بلکہ اس کی ناجائز محبت، بے انتہا لالچ اور دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے سختی سے روکتا ہے۔

رسول اللہؐ نے فرمایا:

«» ترجمہ: "اگر ابنِ آدم کے پاس سونے سے بھری ہوئی دو وادیاں بھی ہوں تو وہ تیسری کی خواہش کرے گا، اور ابنِ آدم کا پیٹ قبر کی مٹی کے سوا کسی چیز سے نہیں بھرتا، البتہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی توبہ قبول فرماتا ہے جو اخلاص کے ساتھ توبہ کرے۔" (صحیح البخاری: 6439، صحیح مسلم: 1048) یہ

حدیث انسانی حرص اور لالچ کی حقیقت کو واضح کرتی ہے۔ رسول اللہؐ نے بتایا کہ اگر انسان اپنی خواہشات پر قابو نہ رکھے تو زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کی خواہش کبھی ختم نہیں ہوتی۔ حقیقی دولت مال کی کثرت میں نہیں، بلکہ دل کی قناعت میں ہے۔ جب انسان قناعت، شکرگزاری اور حلال روزی کو اختیار کرتا ہے تو اسے ذہنی سکون، اطمینان اور حقیقی خوشی نصیب ہوتی ہے۔

ماہرِ نفسیات رائے ایف. باؤمائسٹر (Roy F. Baumeister) نے خود ضبطی (Control-Self) پر اپنی تحقیق میں واضح کیا ہے کہ کامیاب لوگ صرف اپنی خواہشات کے پیچھے نہیں چلتے بلکہ انہیں قابو میں رکھنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ ان کے مطابق جب خود ضبطی کمزور پڑ جائے تو لالچ اور ہوس انسان کو ایسے فیصلے کرنے پر مجبور کر دیتی ہیں جو وقتی فائدہ تو دیتے ہیں، لیکن طویل مدت میں پچھتاوے، ذہنی دباؤ اور سماجی نقصان کا سبب بنتے ہیں۔ مضبوط شخصیت وہ ہے جو ہر خواہش کو فوراً پورا کرنے کے بجائے عقل، اخلاق اور ذمہ داری کو ترجیح دے۔

معاشیات کی نوبل انعام یافتہ ماہر ایلینر اوسٹروم (Ostrom Elinor) نے اپنی تحقیق میں واضح کیا کہ جب لوگ صرف ذاتی مفاد، لالچ اور بے انتہا فائدے کو ترجیح دیتے ہیں تو مشترکہ وسائل، سماجی اعتماد اور باہمی تعاون کو نقصان پہنچتا ہے۔ ان کے مطابق پائیدار اور مضبوط معاشرہ اسی وقت وجود میں آتا ہے جب لوگ ذمہ داری، دیانت داری، باہمی اعتماد اور اجتماعی مفاد کو اہمیت دیں۔ اگر ہر فرد صرف اپنے فائدے کے بارے میں سوچے تو بالآخر معاشرے کے مشترکہ وسائل اور سماجی تعلقات بھی کمزور ہونے لگتے ہیں۔

ماہرینِ سماجیات بھی اس بات پر متفق ہیں کہ لالچ کے اثرات صرف فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورا معاشرہ اس سے متاثر ہوتا ہے۔ جب کسی معاشرے میں ناجائز منافع، بے ایمانی، رشوت، ذخیرہ اندوزی، دھوکہ دہی اور ذاتی مفاد کو کامیابی کا معیار بنا لیا جائے تو لوگوں کا باہمی اعتماد ختم ہونے لگتا ہے۔ ایسے ماحول میں قانون کی حکمرانی، سماجی انصاف اور باہمی احترام بھی متاثر ہوتے ہیں۔ مضبوط معاشرہ وہی ہوتا ہے جہاں دیانت داری، شفافیت، انصاف اور اجتماعی بھلائی کو ذاتی مفاد پر فوقیت دی جائے۔

ہمارے معاشرے میں بھی لالچ، حرص اور ہوس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں۔ کبھی ناجائز منافع کے لیے ضروری اشیاء مہنگی کر دی جاتی ہیں، کبھی رشوت کے ذریعے لوگوں کے حقوق سلب کیے جاتے ہیں، اور کبھی معمولی فائدے کے لیے جھوٹ، دھوکہ اور بے ایمانی کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔ ایسے رویّے وقتی فائدہ تو دے سکتے ہیں، لیکن معاشرے میں بداعتمادی، ناانصافی اور اخلاقی زوال کو فروغ دیتے ہیں۔ جب لوگ اپنے ذاتی مفاد کو ہر اصول سے بالاتر سمجھنے لگتے ہیں تو اجتماعی ترقی، سماجی استحکام اور قومی بھلائی متاثر ہونے لگتی ہے۔

لالچ کا علاج صرف قوانین سے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے انسان کے اندر اخلاقی شعور، خود احتسابی اور قناعت پیدا کرنا ضروری ہے۔ جب انسان اپنی ضرورت اور خواہش میں فرق کو سمجھتا ہے، رزقِ حلال پر اطمینان کرتا ہے، دوسروں کے حقوق کا احترام کرتا ہے اور اپنی خواہشات کو عقل اور اخلاق کے تابع رکھتا ہے تو وہ نہ صرف خود پُرسکون زندگی گزارتا ہے بلکہ معاشرے کے لیے بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔ ایسی تربیت خاندان، تعلیمی اداروں، مذہبی رہنمائی اور سماجی اقدار کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

آخر میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ لالچ، حرص اور ہوس انسان کی بصیرت، سوچ اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت پر ایسا پردہ ڈال دیتی ہیں کہ وہ صحیح اور غلط، جائز اور ناجائز، وقتی فائدے اور مستقل نقصان میں فرق کرنا بھول جاتا ہے۔ قرآنِ کریم اور احادیثِ مبارکہ انسان کو قناعت، انصاف اور اعتدال کا درس دیتے ہیں، جبکہ جدید نفسیات خود ضبطی اور متوازن سوچ کی اہمیت پر زور دیتی ہے۔ ماہرینِ سماجیات بھی اس بات پر متفق ہیں کہ مضبوط معاشرے دیانت داری، اعتماد اور اجتماعی بھلائی کی بنیاد پر تعمیر ہوتے ہیں، نہ کہ لالچ اور ذاتی مفادات پر۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ اپنی خواہشات پر قابو رکھیں، رزقِ حلال، قناعت اور اعلیٰ اخلاق کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں، کیونکہ حقیقی کامیابی زیادہ حاصل کرنے میں نہیں بلکہ صحیح طریقے سے حاصل کرنے اور اسے ذمہ داری کے ساتھ استعمال کرنے میں ہے۔

☆☆☆☆

سسٹم کی اصلاح کے لئے کیا کرنا چاہیئے

استحصال پر مبنی سٹیٹس کو اور ایک ہی دائرے کے 79 سالہ سیاسی معاشی سفر نے پاکستان کو تشویشناک موڑ پر پہنچا دیا ہے پاکستان کے 98 فیصد عوام مایوسی کا شکار ہو چکے ہیں۔ ان کا پاکستان کے مستقبل کے بارے میں اعتماد ہی متزلزل ہو چکا ہے

قیوم نظامی

پاکستان ایک ایسے سیاسی آئینی اور معاشی دوراہے پر کھڑا ہے جہاں ریاستی اداروں سیاسی جماعتوں اور عوام کے درمیان اعتماد کا بحران مسلسل گہرا ہوتا جا رہا ہے۔ گزشتہ کئی برسوں کے تجربات نے یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ آیا موجودہ ہائبرڈ نظام جس میں طاقت کے مراکز بیک وقت ریاستی معاملات پر اثر انداز ہوتے ہیں، ملک کو سیاسی استحکام دے سکا ہے یا نہیں موجودہ وفاقی حکومت نے انتخابی مہم کے دوران عوام سے مہنگائی میں نمایاں کمی، معاشی استحکام روزگار کے نئے مواقع، ٹیلس نظام میں اصلاحات، بجلی و گیس کی قیمتوں میں ریلیف، 300 یونٹ تک فری بجلی، گڈ گورننس، کرپشن کے خاتمے اور عام آدمی کی زندگی آسان بنانے جیسے اہم وعدے کیے تھے۔ تاہم اب تک ان میں سے متعدد اہداف مکمل طور پر حاصل نہیں ہو سکے۔ مہنگائی، بے روزگاری، توانائی کے بڑھتے ہوئے نرخ، عوامی خدمات کی کمزور فراہمی اور معاشی دباؤ بدستور عوام کے بڑے مسائل ہیں۔ حکومت کا موقف ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام قرضوں کے بوجھ اور عالمی معاشی حالات نے اصلاحات کی رفتار کو متاثر کیا جبکہ ناقدین کا کہنا ہے کہ انتخابی وعدوں اور عملی کارکردگی کے درمیان نمایاں فرق موجود ہے۔ یہی فرق عوامی اعتماد کی بحالی کے لیے حکومت کے لیے سب سے بڑا چیلنج بن چکا ہے۔

پاکستان اس وقت سیاسی معاشی اور سماجی چیلنجز کے ایک پیچیدہ دور سے گزر رہا ہے۔ سیاسی عدم استحکام، اداروں پر عوامی اعتماد میں کمی، سیاسی تقسیم، انتخابی تنازعات اور پالیسیوں میں عدم تسلسل نے ریاستی نظام کی کارکردگی کو متاثر کیا ہے۔ دوسری طرف معاشی میدان میں مہنگائی بے روزگاری بڑھتے ہوئے قرضے مالیاتی خسارہ توانائی کے مسائل اور برآمدات میں سست روی نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے اور ملکی ترقی کی رفتار کو متاثر کیا ہے سماجی سطح پر غربت معیاری تعلیم اور صحت کی سہولیات کی کمی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی بدعنوانی قانون کی کمزور عملداری اور نوجوانوں کے لیے روزگار اور ہنر کے محدود مواقع کرپشن کے سمندر میں ڈوبا پاکستان سنگین مسائل ہیں۔ ان چیلنجز سے نکلنے کے لیے قومی اتفاقِ رائے سیاسی استحکام شفاف اور جوابدہ حکمرانی مضبوط ادارے معاشی اصلاحات انسانی وسائل میں سرمایہ کاری اور قانون کی یکساں عملداری ناگزیر ہے۔ اسی جامع حکمتِ عملی سے پاکستان پائیدار ترقی سماجی انصاف اور قومی خوشحالی کی جانب پیش رفت کر سکتا ہے اگر نتائج کو معیار بنایا جائے تو تصویر زیادہ حوصلہ افزا نظر نہیں آتی۔ حکومتیں کمزور رہیں سیاسی محاذ آرائی میں اضافہ ہوا معیشت عدم استحکام کا شکار رہی سرمایہ کاری کم ہوئی اداروں پر عوامی اعتماد متاثر ہوا اور قومی اتفاقِ رائے مزید کمزور ہوا۔ ان حالات میں یہ بحث شدت اختیار کر رہی ہے کہ کیا موجودہ نظام کو معمولی اصلاحات سے چلایا جا سکتا ہے یا پھر ایک نئے عوامی مینڈیٹ کی ضرورت ہے۔ موجودہ ظالمانہ سنگدلانہ استحصالی سٹیٹس کو ریاست کے لیے سیکورٹی رسک بنتا جا رہا ہے

اسی تناظر میں ایک تجویز سامنے آتی ہے کہ ملک میں ایک آئینی ریفرنڈم کرایا جائے تاکہ عوام براہِ راست یہ فیصلہ کریں کہ وہ کس نوعیت کا سیاسی و حکمرانی کا نظام چاہتے ہیں۔ اگر ریفرنڈم کے نتیجے میں آئینی اصلاحات کی منظوری مل جائے تو اس کے بعد مڈٹرم انتخابات کرا کے زمینی حقائق کے مطابق عوام سے تازہ مینڈیٹ حاصل کیا جائے۔ اس طریقہ کار سے نظام کی قانونی اور جمہوری بنیاد مضبوط ہو سکتی ہے کیونکہ حتمی فیصلہ عوام کریں گے نہ کہ طاقتور حلقے یا بند کمروں کے مذاکرات۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ آئین میں بنیادی تبدیلیاں صرف آئینی طریقہ کار کے مطابق ہی ممکن ہیں۔ اس لیے کوئی بھی اصلاحی عمل آئین پارلیمان عدلیہ اور عوامی رائے کے احترام کے ساتھ ہونا چاہیے۔ سیاسی استحکام اسی وقت پیدا ہوگا جب تمام ریاستی ادارے اپنی اپنی آئینی حدود میں کام کریں اور اقتدار کا سرچشمہ عوام کی رائے کو تسلیم کیا جائے۔ مڈٹرم انتخابات یکساں اور شفاف کروائے جائیں اور عوامی مینڈیٹ کو کھلے دل کے ساتھ قبول کیا جائے آج پاکستان کو سب سے زیادہ ضرورت ایک ایسے قومی مکالمے کی ہے جس میں تمام سیاسی جماعتیں ریاستی ادارے صوبے اور سول سوسائٹی شریک ہوں۔ اس مکالمے کا مقصد کسی ایک فریق کی فتح نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل کے لیے ایک قابلِ قبول قومی اتفاقِ رائے ہونا چاہیے۔ اگر اس اتفاقِ رائے کے نتیجے میں آئینی اصلاحات اور پھر شفاف آزاد اور منصفانہ مڈٹرم انتخابات کی راہ ہموار ہوتی ہے تو یہ سیاسی بحران سے نکلنے کا ایک آئینی اور جمہوری راستہ بن سکتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ یہ سبق دیتی ہے کہ پائیدار استحکام طاقت کے توازن سے نہیں بلکہ عوام کے اعتماد آئین کی بالادستی اداروں کی غیر جانبداری اور شفاف انتخابات سے پیدا ہوتا ہے۔ یہی وہ بنیادیں ہیں جن پر ایک مضبوط مستحکم اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر ممکن ہے۔

پاکستان کی سیاسی معاشی اور انتظامی صورتحال ایک ایسے موڑ پر پہنچ چکی ہے جہاں معمول کے سیاسی طریقے عوام کے اعتماد کو بحال کرنے میں ناکافی دکھائی دیتے ہیں۔

پاکستان اور پانچ ممالک کا ریلوے کوریڈور

علاقائی رابطہ اکیسویں صدی میں اقتصادی ترقی اور جغرافیائی سیاسی اثر و رسوخ کے اہم ستونوں میں سے ایک بن گیا ہے۔ وہ قومیں جو موثر ریلوے، شاہراہوں، بندرگاہوں اور لاجسٹکس کوریڈورز کے ذریعے جڑی ہوئی ہیں تیز تجارت، کم نقل و حمل کے اخراجات، زیادہ سرمایہ کاری اور مضبوط سفارتی تعلقات سے لطف اندوز ہوتی ہیں۔ یہ اس تناظر میں ہے کہ مجوزہ پانچ ممالک کے ریلوے کوریڈور (ایف این آر سی) نے خاصی بین الاقوامی توجہ مبذول کی ہے۔ ایف این آر سی ایک پرجوش علاقائی ریلوے اقدام ہے جو چین، کرغزستان، تاجکستان، افغانستان، ایران اور آگے روس اور یورپ کو مربوط ریل نیٹ ورک کے ذریعے جوڑنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ تقریباً 2,100 کلومیٹر پر محیط اس راہداری کا مقصد مغربی چین سے سامان کو ایرانی بندرگاہوں جیسے بندر عباس اور چابہار تک پہنچانا ہے، جبکہ وسطی ایشیا کو مغربی ایشیا اور بالآخر یورپی منڈیوں سے جوڑنا ہے۔ اس منصوبے کی ایک اہم خصوصیت سٹینڈرڈ گیج ریلوے ٹریک کو اپنانا ہے، جس سے کارگو کو متعدد ممالک میں بغیر کسی مہنگے اتارنے اور بارڈر کراسنگ پر دوبارہ لوڈ کیے جانے کی اجازت ملتی ہے۔ اس سے ٹرانزٹ ٹائم میں نمایاں کمی آئے گی، نقل و حمل کے اخراجات کم ہوں گے اور سپلائی چین کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ یہ راہداری سٹریٹجک اہمیت بھی رکھتی

صائمہ صدیق

ہے۔ یہ حصہ لینے والے ممالک کو ایک متبادل زیرِ زمین تجارتی راستہ فراہم کرتا ہے جو کہ گنجان سمندری راستوں پر انحصار کم کرتا ہے اور جغرافیائی سیاسی کشیدگی، پابندیوں، یا عالمی شپنگ لین میں رکاوٹوں کے پیشِ نظر زیادہ لچک پیش کرتا ہے۔ روس، ایران، چین اور افغانستان سبھی بہتر تجارت، مال برداری میں اضافہ، اور بہتر علاقائی انضمام سے فائدہ اٹھانے کے لیے کھڑے ہیں۔ اس سے فطری طور پر ایک اہم سوال پیدا ہوتا ہے "پاکستان پانچ ممالک کے ریلوے کوریڈور کا حصہ کیوں نہیں ہے؟" اس کا جواب جغرافیہ، موجودہ بنیادی ڈھانچے کی حکمت عملیوں، جغرافیائی سیاسی حقائق، اور اقتصادی منصوبہ بندی کے مجموعے میں ہے نہ کہ کسی ایک فیصلے یا اخراج سے۔ پاکستان پہلے ہی ایک اور بڑے علاقائی اقدام یعنی چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور (سی پی ای سی) میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے، جو چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو (بی آر آئی) کے فلیگ شپ پروجیکٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ سی پی ای سی شاہراہوں، توانائی کے منصوبوں اور منصوبہ بند ریلوے اپ گریڈیشن کے وسیع نیٹ ورک کے ذریعے چین کے سنکیانگ کے علاقے کو بحیرہ عرب پر واقع گوادر بندرگاہ سے جوڑتا ہے۔ چین کے نقطہ نظر سے، پاکستان پہلے ہی گوادر کے ذریعے بحیرہ عرب تک رسائی کے لیے ایک اہم جنوبی دروازے کا کردار ادا کر رہا ہے، جبکہ ایف این آر سی کا مقصد ایک ایسا الگ مغربی زمینی راستہ قائم کرنا ہے جو چین کو ایران اور وسطی ایشیا سے منسلک کر سکے۔ ایک اور اہم پہلو خود ریلوے کا بنیادی ڈھانچہ ہے۔ پاکستان کا ریلوے نیٹ ورک بنیادی طور پر براڈ گیج (1,676 ملی میٹر) کے نظام پر مبنی ہے، جبکہ چین اور مجوزہ ایف این آر سی کا اکثر اسٹینڈرڈ گیج (1,435 ملی میٹر) پر ہے۔ پاکستان کو براہِ راست ایف این آر سی کا حصہ بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے میں بڑی تبدیلیاں، بھاری سرمایہ کاری اور طویل مدتی تکنیکی منصوبہ بندی درکار ہوگی تاکہ مختلف ریلوے نظاموں کے درمیان مطابقت کو یقینی بنایا جا سکے۔ سکیورٹی سے متعلق امور بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اگرچہ افغانستان اس مجوزہ راہداری میں ایک کلیدی ٹرانزٹ ملک ہے، لیکن اس منصوبے کا طویل مدتی نفاذ سیاسی استحکام، سکیورٹی کی ضمانتوں اور بین الاقوامی سطح پر مسلسل تعاون پر منحصر ہے۔ اس پیمانے کے علاقائی ریلوے منصوبوں کے تجارتی اعتبار سے قابلِ عمل بننے کے لیے سرمایہ کاروں، حکومتوں اور لاجسٹکس آپریٹرز کے درمیان باہمی اعتماد کا ہونا ضروری ہے گوادر پورٹ، کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم کی بدولت، پاکستان خطے میں انتہائی اہم اسٹریٹجک مقامات پر واقع بحری گزرگاہوں کا حامل ہے۔ اگر ان بندرگاہوں کو وسطی ایشیا، مغربی چین اور مشرقِ وسطیٰ کے ساتھ موثر طریقے سے منسلک کر دیا جائے، تو یہ خطے کی لاکھوں ٹن تجارت کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ پاکستان اس وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کوشاں ہے۔

منظرنامہ

سیاسی انتشار، معاشی بحران اور قومی وحدت کی ناگزیر ضرورت

ملک اور عوام کی موجودہ مخدوش صورتحال کو دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے۔ ایک دردِ دل رکھنے والا جب اپنے گرد و پیش پر نظر ڈالتا ہے تو ہر طرف بے یقینی، اضطراب، خوف، مہنگائی، بے روزگاری، سیاسی کشیدگی، معاشی ابتری اور سماجی بے چینی کا ایک ایسا منظر دکھائی دیتا ہے جسے الفاظ میں بیان کرنا آسان نہیں۔ سوال یہ ہے کہ آخر ہم کہاں جا رہے ہیں؟ وہ ملک جس کے بارے میں خواب دیکھا گیا تھا، کیا واقعی آج اسی منزل کی طرف بڑھ رہا ہے، یا ہم اپنے ہی ہاتھوں اپنے مستقبل کو تاریکی کے حوالے کر رہے ہیں؟ اگر سیاسی صورتحال کا غیر جانبداری سے جائزہ لیا جائے تو افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سیاست، جو قوموں کی خدمت اور عوامی فلاح کا ذریعہ ہونی چاہیے تھی، آج ذاتی مفادات، انتقامی کارروائیوں، الزام تراشی، گالم گلوچ اور کردار کشی کی نذر ہوتی جا رہی ہے۔ اختلافِ رائے کو برداشت کرنے کے بجائے مخالفین کو دشمن سمجھنے کی روایت مضبوط ہوتی جا رہی ہے۔ سیاست میں برداشت، رواداری اور مکالمے کی جگہ نفرت، تقسیم اور انتقام نے لے لی ہے، جس کا نقصان کسی ایک جماعت کو نہیں بلکہ پوری ریاست اور پوری قوم کو پہنچ رہا ہے۔ آج ملک میں ایک ایسی فضا پیدا ہو چکی ہے جہاں کارکن سے لے کر قائدین تک بہت سے لوگ سلاخوں کے پیچھے دکھائی دیتے ہیں۔ انصاف کے تقاضے پورے ہوتے نظر نہیں آتے۔ عوام کے ذہنوں میں سوالات جنم لے رہے ہیں، لیکن ان سوالات کے جواب دینے کے بجائے خاموشی اختیار کر لی جاتی ہے۔ ایک ایسا ماحول تشکیل پا رہا ہے جہاں اختلافِ رائے کو برداشت کرنے کے بجائے اسے جرم سمجھا جانے لگا ہے، حالانکہ ایک مضبوط اور مہذب ریاست کی بنیاد ہی آزادانہ مکالمہ، انصاف اور قانون کی یکساں عملداری پر قائم ہوتی ہے۔ اگر مذہبی صورتحال پر نظر ڈالی جائے تو وہاں بھی حالات کسی طور پر اطمینان بخش نہیں۔ سوشل میڈیا کے ذریعے علماء کرام، دینی اداروں اور مذہبی شخصیات کے خلاف مہمات چلائی جا رہی ہیں۔ اختلافِ رائے کو علمی انداز میں بیان کرنے کے بجائے تضحیک، تمسخر اور نفرت کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ جب کسی معاشرے میں اس کے مذہبی طبقے، علمی شخصیات اور دینی اقدار کو مسلسل نشانہ بنایا جائے تو وہاں اخلاقی زوال تیزی سے جنم لیتا ہے۔ اختلاف ضرور ہونا چاہیے، مگر دلیل، اخلاق اور تہذیب کے دائرے میں۔ ملک کے طول و عرض میں اگر عوام کی حالت دیکھی جائے تو ہر طرف چیخ و پکار سنائی دیتی ہے۔ غریب آدمی دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہے، متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے دب چکا ہے، جبکہ سفید پوش طبقہ اپنی عزتِ نفس بچانے کے لیے خاموشی سے مشکلات برداشت کر رہا ہے۔ آج مہنگائی صرف ایک معاشی مسئلہ نہیں رہی بلکہ ایک سماجی المیہ بن چکی ہے۔ بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں، بجلی، گیس اور دیگر بنیادی سہولیات کے اخراجات میں مسلسل اضافہ عوام کے لیے ناقابلِ برداشت بنتا جا رہا ہے۔

یہ کہنا ہرگز مبالغہ نہیں ہوگا کہ آج عام آدمی کی زندگی مشکل سے مشکل تر ہو گئی ہے۔ اچھا کھانا مشکل، اچھا پہننا مشکل، بچوں کی معیاری تعلیم مشکل، بہتر علاج مشکل، اپنا گھر بنانا مشکل، نئی گاڑی خریدنا مشکل، صنعت لگانا مشکل، کاروبار کرنا مشکل، حتیٰ کہ باعزت روزگار حاصل کرنا بھی ایک خواب بنتا جا رہا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر عوام کی بنیادی ضروریات ہی پوری نہ ہوں تو ترقی کے دعوے کس بنیاد پر کیے جا رہے ہیں؟

دوسری طرف حکومت کی جانب سے بارہا یہ کہا جاتا ہے کہ حالات سازگار ہیں، معیشت بہتر ہو رہی ہے اور ملک درست سمت پر گامزن ہے۔ لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس ایک مختلف تصویر پیش کرتے ہیں۔ اگر حالات واقعی اتنے بہتر ہیں تو پھر عوام کی قوتِ خرید کیوں ختم ہوتی جا رہی ہے؟ نوجوان روزگار کی تلاش میں کیوں دربدر ہیں؟ سرمایہ کار سرمایہ لگانے سے کیوں گھبرا رہے ہیں؟ اور ہر دوسرا نوجوان بیرونِ ملک جانے کو ہی اپنی کامیابی کیوں سمجھ رہا ہے؟

یہ بھی حقیقت ہے کہ ملک پر قرضوں کا بوجھ مسلسل بڑھتا جا رہا ہے۔ ہر آنے والی حکومت نئی امیدوں کے ساتھ آتی ہے، لیکن قرضوں میں کمی کے بجائے اضافہ ہی دیکھنے میں آتا ہے۔ معیشت دباؤ کا شکار ہے، صنعتیں مشکلات سے دوچار ہیں، کاروباری طبقہ غیر یقینی کیفیت میں مبتلا ہے اور عام آدمی مسلسل معاشی دباؤ برداشت کر رہا ہے۔

اگر امن و امان کی صورتحال پر نظر ڈالی جائے تو وہاں بھی کئی سوالات موجود ہیں۔ دہشت گردی کے واقعات دوبارہ سر اٹھاتے دکھائی دیتے ہیں، عوام کے دلوں میں خوف موجود ہے، اور بعض علاقوں میں سفر کرنا بھی باعثِ تشویش سمجھا جاتا ہے۔ ایک شہری کا سب سے بنیادی حق جان و مال کا تحفظ ہے، اور جب یہی احساس کمزور ہونے لگے تو ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد بھی متاثر ہونے لگتا ہے۔

عالمی منظرنامہ بھی تیزی سے بدل رہا ہے۔ دنیا میں طاقتور ممالک اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں، عالمی سیاست نئے رخ اختیار کر رہی ہے، اور ایسے وقت میں پاکستان کو اندرونی اتحاد، مضبوط معیشت اور قومی یکجہتی کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ افسوس یہ ہے کہ ہم داخلی اختلافات میں اتنے الجھ چکے ہیں کہ قومی مفاد اکثر پس منظر میں چلا جاتا ہے۔

یہ وقت الزام تراشی کا نہیں بلکہ خود احتسابی کا ہے۔ یہ وقت ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کا نہیں بلکہ پاکستان کو اوپر اٹھانے کا ہے۔ اگر ہم نے اب بھی اپنی ترجیحات درست نہ کیں تو آنے والی نسلیں ہم سے یہ سوال ضرور کریں گی کہ جب ملک مشکل میں تھا، تب آپ کیا کر رہے تھے؟ جب ایک عام شہری اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہو جائے تو اسے ترقی کے اعداد و شمار سے زیادہ اپنی خالی جیب اور اپنے بچوں کی ضروریات نظر آتی ہیں۔

یہ کہنا بھی ضروری ہے کہ ملک کے حالات صرف اقتصادی اعتبار سے ہی پریشان کن نہیں بلکہ اخلاقی اور سماجی اعتبار سے بھی تشویشناک رخ اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ برداشت، رواداری، اخوت اور بھائی چارے کی وہ فضا، جو اس معاشرے کا حسن تھی، آہستہ آہستہ کمزور ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ معاشرے میں تقسیم، نفرت اور ایک دوسرے کو برداشت نہ کرنے کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے، جو کسی بھی مہذب قوم کے لیے نیک شگون نہیں۔

میں یہاں ایک اہم بات ضرور عرض کرنا چاہوں گا کہ آج ملک میں ایک خاص طبقہ کے لیے پریشان ہے۔ کوئی مانے یا نہ مانے، یہ احساس مسلسل بڑھ رہا ہے کہ سچ اور حق کی آواز بلند کرنے والوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چاہے وہ مذہبی شخصیات ہوں، سیاسی رہنما ہوں یا اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد، اختلافِ رائے رکھنے والوں کے بارے میں عوام کے ذہنوں میں مختلف سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ ایک مضبوط ریاست وہی ہوتی ہے جہاں قانون کی حکمرانی، انصاف کی فراہمی اور اختلافِ رائے کے لیے مہذب ماحول موجود ہو۔ ملک کا ایک اور بڑا المیہ "برین ڈرین" ہے۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان، ڈاکٹرز، انجینئرز، سائنس دان، آئی ٹی ماہرین، طلبہ، محنت کش اور مختلف شعبوں سے وابستہ باصلاحیت افراد روزگار، تحفظ اور بہتر مستقبل کی امید میں بیرونِ ملک جا رہے ہیں۔ یہ صرف افراد کی ہجرت نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل، صلاحیت اور سرمایہ انسانی کی ہجرت ہے۔ اگر یہی سلسلہ جاری رہا تو آنے والے برسوں میں ملک کو قابل اور دیانت دار افراد کی شدید کمی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اسی طرح سرمایہ کار

1

المطیری کے ہمراہ جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی کا دورہ کیا اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کویت کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کویتی وزیر خارجہ نے خطے میں امن، استحکام اور سکیورٹی کے فروغ کیلئے پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط شراکت داری کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کویت کیساتھ پاکستان کے مضبوط اور دیرینہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے پختہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور کویت علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے مشترکہ ویژن رکھتے ہیں اور دونوں ممالک باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہیں۔

2

تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا اور خلیجی ممالک پر ہونے والے حملوں کی شدید مذمت کی گئی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے کویتی وزیر خارجہ کا خیر مقدم کیا اور امیر کویت شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح اور ولی عہد شیخ صباح الخالد الحمد المبارک الصباح کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور کویت کے درمیان مشترکہ اقدار اور باہمی اعتماد پر استوار دیرینہ برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں برادر ممالک نے ہر مشکل اور ہر خوشی کے موقع پر ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔ علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کویت کی قیادت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی مکمل یک جہتی کا اعادہ کیا اور جاری تنازع کے دوران کویت اور دیگر برادر خلیجی ممالک پر ہونے والے حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے ایک دیانت دار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور ان کوششوں کی حمایت پر کویتی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، بحری امور اور افرادی قوت کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں کویت کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے پاکستانی برادری کی فراخ دلانہ میزبانی پر کویتی حکومت کو سراہتے ہوئے کویت کی سماجی و معاشی ترقی میں پاکستانی کمیونٹی کے قیمتی کردار کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے وزیراعظم کو کویتی قیادت کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا اور باہمی مفاد کے تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے کویت کے عزم کا اعادہ کیا

3

شروع کی جائے گی، سرکاری سکیم کا کوٹہ 60 فیصد جبکہ پرائیویٹ سکیم کا کوٹہ 40 فیصد ہوگا، وفاقی کابینہ کو میں ردوبدل کا اختیار ہوگا۔ بدھ کو وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے سیکریٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا کے ہمراہ پریس کانفرنس میں حج پالیسی کا اعلان کیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ کی پہلی چار سالہ حج پالیسی 2027ء تا 2030ء قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ یہ صرف ایک پالیسی نہیں بلکہ حج انتظامات میں ایک بنیادی اور دیرپا اصلاحات کا آغاز ہے، جس کا مقصد عازمین حج کو زیادہ سے زیادہ سہولت، شفافیت، اعتماد اور معیاری خدمات فراہم کرنا ہے۔ یہ پالیسی وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دوراندیش قیادت، خصوصی رہنمائی اور ذاتی دلچسپی کا عملی مظہر ہے۔ وزیراعظم کی واضح ہدایات تھیں کہ حج کے پورے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جائے، شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور ہر مرحلے پر عازمین کی سہولت کو اولین ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس وژن کو ایک جامع، قابل عمل اور مستقبل پر مبنی پالیسی کی صورت میں قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں

4

کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، افرادی قوت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صحت، کان کنی و معدنیات، دفاع اور وسیع تر اقتصادی شراکت داری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ممالک نے ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنانے اور اعلیٰ سطح کے رابطوں کے باقاعدہ تبادلے کے ذریعے دوطرفہ تعاون کو مزید موثر اور منظم بنانے پر اتفاق کیا۔ فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر کثیر جہتی فورمز میں قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے اپنے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ کویت کے وزیر خارجہ نے حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے کویتی وفد کے پرتپاک استقبال اور پرخلوص مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کووڈ 19 وباء کے دوران کویت کی حمایت پر پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا

5

،مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی صوبائی کابینہ نے محنت کش طبقے کے بچوں کو معیاری تعلیمی مواقع فراہم کرنے کیلئے چیف منسٹر اسکالرشپ پروگرام کے فیز تھری کی منظوری دی، جس کے تحت بلوچستان کے رجسٹرڈ مزدوروں کے 300 بچوں کو اسلام آباد کے معیاری بورڈنگ اسکول میں داخلہ دیا جائے گا تاکہ انہیں اعلیٰ معیار کی تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع میسر آسکیں بلدیاتی اداروں کو مزید فعال بنانے کیلئے کابینہ نے یونین کونسل میسی زنی اور یونین کونسل مسی زنی کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے جبکہ گلستان میں نئی میونسپل کمیٹی کے قیام کی منظوری دی امن وامان کے نظام کو مزید مضبوط اور مؤثر بنانے کیلئے صوبائی کابینہ نے لیویز فورس کے پولیس میں انضمام کے بعد پورے صوبے کو باقاعدہ پولیس ایریا قرار دینے کی منظوری دے دی۔ کابینہ نے ایس پی نبیل احمد کو بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کا چیف آپریٹنگ آفیسر تعینات کرنے کی بھی منظوری دی، جبکہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی سفارشات کے مطابق پیرول بورڈ کی تشکیل کی منظوری بھی دے دی گئی کابینہ نے ضلع حب کے ماربل سٹی کے مقام پر نئے پولیس اسٹیشن کے قیام کی منظوری بھی دی تاکہ صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کے تحفظ اور قانون نافذ کرنے کے نظام کو مزید موثر بنایا جاسکے اجلاس میں صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بہتر منصوبہ بندی اور مؤثر عملدرآمد کیلئے بلوچستان پلاننگ میونیکل کی منظوری دی گئی۔ اسی طرح بچوں کے حقوق اور تحفظ کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کیلئے بلوچستان چائلڈ پروٹیکشن رولز 2026 کی منظوری بھی دی گئی، جسے اس شعبے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا صوبائی کابینہ نے بلوچستان کیڈٹ کالجز ترمیمی ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی، جبکہ محکمہ پراسیکیوشن کی سفارشات کی روشنی میں پراسیکیوٹر جنرل کی کنٹریکٹ مدت ملازمت میں مزید دو سال کی توسیع کی منظوری دی گئی سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، مسابقت اور مؤثر مالی نظم ونسق کو فروغ دینے کیلئے بلوچستان ہائبرڈ ویٹ پروکیورمنٹ پالیسی 2026 کی منظوری دی گئی، جبکہ کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ کے سروس لیول ایگریمنٹ کی بھی منظوری دے دی گئی

6

اوسی کی تجدید، کوادر میں ٹرالی اسٹیٹ کیس ٹرینڈل کے قیام سمیت دیگر اہم منصوبوں کی منظوری دے دی ہے، بلوچستان میں دہشتگردوں کا قلعہ قمع کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، چاغی میں جلائے گئے ہاؤزر کے ڈرائیورز نے حکومتی کالوائے کے ایس او پی کی خلاف ورزی کی تھی، بیشتل پارٹی کے اپنے بیان میں خود صوبائی حکومت میں نہ آنے کی وضاحت کردی ہے ،حکومت نے لیویز فورس بحال کرنے کی کسی قسم کی یقین دہانی نہیں کروائی ۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں بلوچستان کابینہ کے اجلاس کے بعد صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی، وزیراعلیٰ کے مشیر عبنہ مجید کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی ۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کابینہ کا اجلاس وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں 26 نکاتی ایجنڈا زیر غور آیا

7

موجود تھے۔ ملاقات میں گوادر کی مجموعی ترقیاتی صورتحال، جاری منصوبوں کی پیشرفت، آئندہ ترقیاتی منصوبہ بندی اور درپیش مالی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد نے وفاقی وزیر کو گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جس میں مختلف منصوبوں کی مالی اور فزیکل پیشرفت سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ رواں مالی سال میں گوادر کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے مختص فنڈز ناکافی ہیں، جس کے باعث متعدد اہم منصوبوں کی بروقت تکمیل متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر وفاقی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ گوادر کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے مزید فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ صوبائی حکومت کو بھی سفارش کی جائے گی کہ وہ گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں اپنا بھرپور حصہ ڈالے۔ وفاقی وزیر کو گوادر میں اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ، بزنس پلان، پورٹ ڈرجنگ، عمانی گرانٹ کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں سمیت دیگر اہم منصوبوں کی پیشرفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے عمانی گرانٹ کے تمام فنڈز فراہم کرنے کی یقین دہانی کی۔

8

چینج بڑھانے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی سربراہی میں پی ٹی آئی وفد نے گزشتہ دنوں مولانا فضل الرحمان سے اہم ملاقات کی، ملاقات میں دونوں جماعتوں نے مل کر چلنے پر اتفاق کیا۔

9

عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور تجارتی بحری جہازوں پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، سعودی عرب کو وسیع تر تنازع میں گھسیٹنے کی کوششیں باعث تشویش ہیں۔ عاصم افتخار نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کیلئے پاکستان کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں، فلسطین پر اسرائیلی قبضہ برقرار رہنے تک مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن ممکن نہیں۔

10

کے مرکزی ڈیٹا سینٹر sky 47 کی سہولیات تمام وفاقی اداروں کو میسر کرنے کیلئے فوری طور پر موثر اقدامات اٹھائے جائیں، پبلک سیکٹر میں قومی سطح پر ایک مربوط ڈیٹا سینٹر ہی تمام اداروں کے ڈیٹا کو مرکوز جگہ فراہم کرے گا اور مختلف اداروں کے علیحدہ علیحدہ ڈیٹا سینٹرز کے قیام کو روکنے سے قومی وسائل کی بچت ہوگی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سطح کی مربوط ڈیجیٹل پالیسی فریم ورک پر عمل درآمد پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے ہدایات کی کہ وفاقی حکومت کے زیر انتظام نئے قائم کردہ قومی سطح کے مرکزی ڈیٹا سینٹر sky 47 کی سہولیات تمام وفاقی اداروں کو میسر کرنے کیلئے فوری طور پر موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پبلک سیکٹر میں قومی سطح پر ایک مربوط ڈیٹا سینٹر ہی تمام اداروں کے ڈیٹا کو مرکوز جگہ فراہم کرے گا اور مختلف اداروں کے علیحدہ علیحدہ ڈیٹا سینٹرز کے قیام کو روکنے سے قومی وسائل کی بچت ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی حکومتی خدمات، معاشرتی نظام بالخصوص عوام کو شہری سہولیات کی فراہمی کیلئے فعال مستعد اور انقلابی سمت کا تعین کر رہی ہے

11

ملاقات کی ۔ وزارت بحری امور سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے فروغ، شپنگ، تجارتی سہولت کاری اور علاقائی روابط بہتر بنانے سمیت بحری تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے پاکستان اور قازقستان کے تعلقات مضبوط بنانے میں سفیر یرزہان کستاغین کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بحری شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قازقستان کے ساتھ بندرگاہوں، شپنگ، تجارت میں سہولت کاری اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے، جبکہ مضبوط بحری روابط دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کیلئے نئے مواقع پیدا کرسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کے ذریعے قازق کارگو کیلئے بندرگاہی سہولیات اور معاونت فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔

12

مطابق ہونا چاہیے، اسی طرح پاکستان کے اندر بھی تین نسلوں سے ہم مزدور، کسان، محنت کش اور پسماندہ طبقات کی آواز بنے ہیں، پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور ہمیشہ عوام رہے ہیں، جمہوریت کا استحکام، انسانی حقوق کا تحفظ اور عوامی حقوق کا حصول ہماری جماعت کا تاریخی ورثہ اور شناخت ہے۔ آج بھی جب کشمیر کے عوام مشکلات کا شکار ہیں، جب ان سے ان کے بنیادی حقوق چھینے جارہے ہیں، تو پاکستان پیپلز پارٹی ہی وہ جماعت ہے جو ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی نمائندگی کررہی ہے، انشاءاللہ 2 اگست کو عوامی مینڈیٹ تیر کے نشان پر مہر لگائے گا، یہ کامیابی صرف ایک سیاسی فتح نہیں ہوگی بلکہ یہ عوام کی جیت، جمہوریت کی جیت اور کشمیر کے عوام کے حقوق کی جیت ہوگی۔ مظفرآباد میں میئر منیر اعوان کی رہائش گاہ پر پارٹی کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین کی پوری سیاسی تاریخ ہی دھاندلی، سازشوں اور جھوٹے الزامات پر کھڑی ہے۔ یہ بھی بھی عوام کے حقیقی ووٹ اور مینڈیٹ سے اقتدار میں نہیں آئے۔ جب بھی یہ وزیراعظم یا وزیراعلیٰ کے منصب پر فائز ہوئے تو اس کی وجہ عوامی اعتماد، عوامی خدمت یا کارکردگی نہیں تھی بلکہ منظم دھاندلی، انتخابی نتائج میں ہیرا پھیری اور سازش تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے برعکس پاکستان پیپلز پارٹی نے جب بھی اقتدار سنبھالا تو وہ عوام کی طویل جدوجہد، قربانیوں اور ووٹ کی طاقت کے ذریعے سنبھالا ہمیں اقتدار بھی تحفے میں یا پلیٹ میں پیش نہیں کیا گیا۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے مینڈیٹ کا احترام کیا اور اقتدار کو عوامی خدمت کیلئے استعمال کیا، جبکہ ہمارے مخالفین نے اقتدار کو ذاتی مفادات اور دھاندلی کے نظام کو مضبوط کرنے کیلئے استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ جو نسل در نسل دھاندلی کی پیداوار ہیں، انہیں یہ غلط فہمی ہے کہ جس طرح وہ ماضی میں ووٹ چوری کر کے اقتدار میں آتے رہے ہیں، اسی طرح آزاد کشمیر میں بھی انہیں دھاندلی کی کھلی چھوٹ مل جائے گی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ کشمیر کے عوام کسی دباؤ میں آنے والے نہیں ہیں۔ کشمیری عوام کی تاریخ ہی بہادری اور مزاحمت کی ہے۔ انہوں نے ہر دور میں ظلم کے خلاف آواز بلند کی ہے اور اپنے حقوق کیلئے قربانیاں دی ہیں۔ یہ نہ کسی کے سامنے جھکتے ہیں اور نہ کسی کی دھمکیوں سے ڈرتے ہیں۔ کشمیر کے عوام اپنے ووٹ کی قدر جانتے ہیں، وہ جانتے ہیں کہ ووٹ ان کی امانت ہے اور وہ کسی کو بھی اس امانت پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ 2 اگست کو کشمیر کے عوام اپنے ووٹ سے یہ پیغام دیں گے کہ کشمیر کا فیصلہ صرف کشمیر کی عوام کرسکتی ہے، کوئی بیرونی طاقت یا دھاندلی کا نظام نہیں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین کی پوری تاریخ دھاندلی، سازشوں اور غیر جمہوری ہتھکنڈوں سے عبارت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ان کی جماعت کا قائد پہلی بار پنجاب کا وزیراعلیٰ بنا تو وہ عوام کے مینڈیٹ سے نہیں بلکہ آئی جے آئی کے قیام اور منظم دھاندلی کی پیداوار تھا۔ جب وہ پہلی بار ملک کے وزیراعظم بنے تو یہ

13

صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ یہ بین الاقوامی جرم نہ سرحدوں کا احترام کرتا ہے، نہ قومیتوں کا اور نہ ہی سماجی یا معاشی حیثیت کا، بہتر مستقبل کی تلاش میں نکلنے والے، معاشی مواقع کے خواہش مند یا تنازعات سے بچنے کیلئے نقل مکانی کرنے والے افراد کو مجرمانہ گروہ بے رحمی سے اپنا نشانہ بناتے ہیں۔ اس کا نتیجہ اکثر قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کی صورت میں نکلتا ہے، خصوصاً سمندری راستوں سے غیر قانونی سفر کے دوران۔ اس نوعیت کے بڑے چیلنج سے نمٹنے کیلئے منتشر اور غیر مربوط اقدامات کافی نہیں، بلکہ اس کیلئے متحد، مسلسل اور عالمی سطح پر مربوط ردعمل ناگزیر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ انسانی سمگلنگ کی بنیادی وجوہات غربت، مقامی اور علاقائی تنازعات، معاشی مواقع کی کمی، تعلیم کا فقدان اور امیگریشن کے قانونی طریقہ کار سے متعلق آگاہی کا نہ ہونا ہیں۔

14

گئے۔ یا ک فوج کے شعب تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 28 اور 29 جولائی کی درمیانی رات ضلع خیبر میں انٹیلی جنس بنیاد پر نارکٹکس آپریشن کیا گیا، خیبر میں کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 24 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ضلع نوشکی میں بھی انٹیلی جنس کی بنیاد پر متعدد کارروائیاں کی گئیں، نوشکی میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ کارروائیوں میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، دہشت گردوں کے زیر استعمال اسلحہ، گولہ بارود، آئی ای ڈیز بھی برآمد کر لی گئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کسی بھی بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد کے خاتمے کیلئے آپریشنز جاری ہیں، جن کا مقصد دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ کرنا ہے۔

15

بادقار روزگار فراہم کیا جائے تو یہی پاکستان کی سب سے بڑی معاشی قوت ثابت ہوگی، بصورت دیگر یہی آبادی مستقبل میں معاشی اور سماجی دباؤ کا سبب بن سکتی ہے۔ بدھ کو اسٹریٹجک ڈائیلاگ اینڈ لانچ آف ڈویلپمنٹ ایڈووکیٹ پاکستان: اے نیشن ایٹ اے ٹرننگ پوائنٹ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ پالیسیوں کا عدم تسلسل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قومی منصوبے کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے کم از کم دس سے پندرہ سال تک پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہوتا ہے، مگر بدقسمتی سے حکومتوں کی تبدیلی کے ساتھ ہی قومی ترجیحات اور پالیسی فریم ورک بھی تبدیل کر دیے جاتے ہیں، جس کے باعث وژن 2020 اور وژن 2025 جیسے اہم قومی منصوبے اپنے مطلوبہ نتائج حاصل نہ کر سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ بہترین پالیسیاں بھی اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتیں جب تک ان پر مستقل مزاجی اور تسلسل کے ساتھ عمل درآمد نہ کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے ڈویلپمنٹ ایڈووکیٹ پاکستان کے 50 ویں شمارے اور گزشتہ دس برسوں پر مشتمل خصوصی مجموعے کے اجرا کو اہم قومی سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ آبادی سے متعلق قومی وصوبائی تخمینے مستقبل کی ترقیاتی منصوبہ بندی اور شواہد پر مبنی پالیسی سازی کیلئے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں

16

قومی ٹاسک فورس برائے لائف سائل میڈیسن کا دوسرا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پہلے اجلاس کے فیصلوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور پاکستان کے صحت کے نظام میں لائف سائل میڈیسن کو مؤثر انداز میں شامل کرنے کیلئے اہم پالیسی فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں سابق معاون خصوصی برائے صحت اور پاکستان ایسوسی ایشن آف لائف سائل میڈیسن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ظفر مرزا، وزارت صحت کے اعلیٰ حکام اور قومی ٹاسک فورس کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ماہرین نے غیر متعدی امراض کی موثر روک تھام، صحت مند طرز زندگی کے فروغ اور عوامی آگاہی کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تفصیلی غور کیا۔ وفاقی وزیر صحت نے ہدایت کی کہ لائف سائل میڈیسن کو ملک کے طبی تعلیمی نظام کا باقاعدہ حصہ بنایا جائے۔

17

جھڑپوں کا سلسلہ کئی گھنٹوں سے جاری رہا ہے جبکہ خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ اس دوران ہلاکتوں اور زخمی ہونے کی غیر مصدقہ اطلاعات بھی ہیں۔

18

محمد جنید انوار چوہدری نے پاکستان اور قازقستان کے تعلقات مضبوط بنانے میں سفیر یرزہان کستاغین کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بحری شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قازقستان کے ساتھ بندرگاہوں، شپنگ، تجارت میں سہولت کاری اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے، جبکہ مضبوط بحری روابط دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کیلئے نئے مواقع پیدا کرسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کے ذریعے قازق کارگو کیلئے بندرگاہی سہولیات اور معاونت فراہم کرنے کیلئے تیار ہے، جبکہ فری زونز میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات بھی تلاش کیے جاسکتے ہیں

19

کے سرحدی بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری میں معاونت کرنا اور علاقائی تجارت و رابطوں کو فروغ دینا ہے۔ وفد نے وزیر تجارت کو بتایا کہ پاکستان ریجنل ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ پیسیلیٹیشن پارٹنرشپ فریم ورک کے نفاذ میں سرگرم عمل ہے، یہ فریم ورک اب اپنے عملی مرحلے میں داخل ہو رہا ہے تاکہ خطے میں تجارتی سہولت کاری، لاجسٹکس کے شعبے میں تعاون اور سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ اجلاس میں منگولیا میں 29 اور 30 ستمبر 2026 کو منعقد ہونے والی کیسٹرک وزارتی کانفرنس اور بزنس فورم کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کیسٹرک سیکرٹریٹ نے وفاقی وزیر کو کانفرنس میں شرکت کی باضابطہ دعوت دی، اس کانفرنس میں کیسٹرک خطے بھر سے وزراء، اعلیٰ سرکاری حکام، ترقیاتی شراکت دار، بین الاقوامی سرمایہ کار اور نجی شعبے کے نمائندے شرکت کریں گے۔ وفد نے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا کہ بزنس فورم میں لاجسٹکس، توانائی کے تحفظ، اہم معدنیات، ڈیجیٹل رابطوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور نجی شعبے کے باہمی تعاون پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

20

کارروائی کے دوران پانچ گاڑیاں بھی اپنی تحویل میں لے لیں۔ پولیس کے مطابق کارروائی ڈی آئی جی مکران ریچ عمران قریشی اور ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمٰن کی ہدایت پر نیو ملابند کے علاقے میں کی گئی۔ گرفتار ملزمان میں نادر شاہ ولد قادر داد شاہ، سکنہ آواران حال گوادر، عبدالماجد ولد شیر محمد، سکنہ پنجگور حال گوادر، اور ظہیر الدین شاہ ولد عطاء محمد شاہ، سکنہ آواران حال گوادر شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق متاثرہ افراد کو روزگار کا جھانسہ دے کر پنجاب سے گوادر بلایا گیا، جہاں انہیں یرغمال بنا کر ان کے اہلِ خانہ سے رقم منگوانے کیلئے دباؤ ڈالا جارہا تھا۔۔

21

کیخلاف آئینی درخواست کی سماعت کے دوران فریقین کو آئندہ سماعت کیلئے نوٹسز جاری کردیے۔ بدھ کو فلات ڈویژن کے خاتمے اور مستونگ کو کوئٹہ ڈویژن میں شامل کرنے کیخلاف دائر آئینی درخواست کی سماعت چیف جسٹس کامران ملاخیل کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے کی سماعت کے دوران عدالت نے فریقین کو آئندہ سماعت کیلئے نوٹسز جاری کرنے کا حکم دیدیا اور کیس کی آئندہ سماعت 6 اگست کو مقرر کردی گئی۔

22

قریب 4 شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ زلزلے کی گہرائی 37 کلومیٹر تھی جبکہ اس کا مرکز رکھنی سے 5 کلومیٹر جنوب مغرب میں واقع تھا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق زلزلے سے کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

23

سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ الخدمت فاؤنڈیشن نے کوئٹہ کے بروری روڈ پر جدید سہولیات سے آراستہ الخدمت ہسپتال قائم کر کے خواتین، بچوں اور عام شہریوں کیلئے بہترین، معیاری اور نسبتاً کم خرچ علاج کی سہولت فراہم کی ہے، جو بلوچستان کیلئے ایک قابلِ قدر خدمت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جعفرآباد میں بھی ایک بڑے جدید ہسپتال پر تیزی سے کام جاری ہے جس سے اس خطے کے عوام کو علاج کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بروری روڈ پر قائم الخدمت ہسپتال کے دورے کے موقع پر ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف، انتظامیہ اور مریضوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر الخدمت ہسپتال کے چیئرمین ڈاکٹر نعمت اللہ نے ہسپتال کی مختلف شعبہ جات، طبی سہولیات، جدید آلات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کو ہسپتال کے مختلف وارڈز کا دورہ بھی کروایا، جہاں انہوں نے مریضوں کی عیادت کی، ان کی خیریت دریافت کی اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

24

جدید اسلحہ اور ٹیکنالوجی استعمال کی جارہی ہے جدید اسلحہ پولیس کے خلاف دہشت گرد استعمال کر رہے ہیں۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آئی جی خیبر پختونخوا نے بتایا کہ سوات کے علاقے مٹہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران پولیس نے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، تاہم کارروائی کے دوران پولیس کا ایک جوان جام شہادت نوش کر گیا۔ انہوں نے کہا کہ سوات اور دیگر علاقوں میں داخل ہونے والے دہشت گردوں کے گروہوں میں افغان دہشت گرد بھی شامل ہوتے ہیں اور سیکیورٹی اداروں کو افغانستان سے دہشت گردوں کی آمد کی پیشگی اطلاع تھی، جس کے بعد بروقت کارروائی عمل میں لائی گئی۔ آئی جی نے ٹاک میں ہونے والے خودکش حملے کو انتہائی منظم اور خطرناک کارروائی قرار دیتے ہوئے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حملے میں تقریباً 1200 سے 1400 کلوگرام بارودی مواد استعمال کیا گیا۔

25

نافذ رہے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کرفیو کے باعث ضلع نوشکی میں بغیر اجازت گھروں سے نکلنے، نقل و حرکت، عوامی اجتماعات، جلوس اور غیر ضروری سفر پر پابندی عائد ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر سرکاری ملازمین، میڈیکل، ریسکیو اور ایمرجنسی عملے کو استثنیٰ دینے کا مجاز ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کرفیو کی خلاف ورزی پر قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

26

ہوا، وزیراعظم نے بورڈ ارکان اور شرکا کا خیر مقدم کیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس وقت ملک بھر میں 29 دانش اسکولز مجوزہ ہیں جن میں سے 15 منظور اور 13 پر کام جاری ہے، جبکہ دانش اسکول کرمی اسلام آباد میں کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے۔ بورڈ اجلاس کو بتایا گا کہ آزاد کشمیر کے باغ اور بھمبر جبکہ گلگت بلتستان کے گھاتھے، سلطان آباد اور استور میں دانش اسکولز کی تعمیر دسمبر تک مکمل ہو جائے گی اور کلاسز کا آغاز اپریل 2027 میں ہوگا۔ اجلاس کو دانش اقتصادی کے مجوزہ انتظامی ڈھانچے پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اقتصادی کے انتظامی ڈھانچے کو مختصر رکھا جائے اور اس پر کم سے کم وسائل خرچ کیے جائیں۔ اجلا



گوادر، چیئرمین میونسپل کارپوریشن ماجد جوہر چینی کمرشل کونسلر لی یونگ سے گوادر کی ترقی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

ماجد جوہر کی کراچی کے اقتصادی وتجارتی شعبے کے کمرشل کونسلر مسٹر لی یونگ سے ملاقات

گوادر کی پائیدار ترقی، عوامی فلاح، بلدیاتی تعاون اور پاک۔چین دوستی کو مزید مستحکم بنانے سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کراچی/ گوادر (خ ن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر ماجد جوہر نے چیف افسر مکتوم موسیٰ کے ہمراہ عوامی جمہوریہ چین کے قونصل خانے کراچی کے اقتصادی وتجارتی شعبے کے کمرشل کونسلر مسٹر لی یونگ (YongLi) سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر کی پائیدار ترقی، عوامی فلاح، بلدیاتی تعاون اور پاک۔چین دوستی کو مزید مستحکم بنانے سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

سوراب ریڑھی بانوں کے مسائل، بازار میں نظم وضبط اور ٹریفک کی روانی سے متعلق اجلاس

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ کی زیر صدارت ریڑھی بانوں کے مسائل، بازار میں نظم وضبط اور ٹریفک کی روانی سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

کاروبار ہنرمند افراد اور کمیونٹی پر مبنی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر سپورٹ کیا جائیگا، شکیل قادر

لائیوی لی ہڈ کیلئے چھوٹے کاروبار، ہنرمند افراد اور کمیونٹی پر مبنی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر سپورٹ کیا جائے گا۔

لیبارٹری میں سامان اور سہولیات کو بہتر بنا کر تربیتی عمل کو زیادہ مؤثر اور جدید بنایا جائے گا، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بی ٹیوٹا (TEVTA-B) کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ادارے کو مزید فعال بنانے، اسکل ڈیولپمنٹ کے ذریعے عوام کو روزگار فراہم کرنے اور لائیوی لی ہڈ کے فروغ کیلئے فوری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان میں نوجوانوں کو قابل روزگار بنانے کیلئے اسکل (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

بارکھان، شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی نمازِ جنازہ سرکاری اعزاز کیساتھ ادا کر دی گئی

پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کر کے شہید کو پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ رخصت کیا

بارکھان (خ ن) بارکھان میں شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی نماز جنازہ عیدگاہ بارکھان میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں ڈی آئی جی کوہ سلیمان ریچ ایاز احمد بلوچ، ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ، ونگ کمانڈنٹ ایف سی بارکھان کرنل یونس خان، ایس پی بارکھان عبدالحق، پولیس و ایف سی کے افسران، اہلکاروں، قبائلی عمائدین، معززین (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

دہشت گرد عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے بارکھان میں دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ایس پی مرید بگٹی نے فرض شناسی، جرات اور (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

گوادر، پورٹ پر دوسرا کمرشل بنکرنگ آپریشن کامیابی سے مکمل ہوگیا

بیرسٹر صلاح الدین کو آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کا نائب صدر سندھ رابعیہ باجوہ کو نائب صدر پنجاب اور علی زمان کو نائب صدر خیبر پختونخوا نامزد

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے مرکزی انفارمیشن سیکریٹری راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ کی جانب جاری بیان میں چیئرمین علی احمد کرد نے بیرسٹر صلاح الدین کو آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کا نائب صدر سندھ رابعیہ باجوہ کو نائب صدر پنجاب اور علی زمان کو نائب صدر خیبر پختونخوا نامزد کیا ہے

ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (ڈی اے ای) سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (ڈی اے ای) سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر ضیاء الحق کاکڑ نے نتائج کا باضابطہ اعلان کیا۔ نتائج کے مطابق (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

ٹیل کے عوام کے دیرینہ مسائل حل کرنے میں کوئی عملی کردار ادا نہیں کیا جا رہا، میر احمد جمالی

محکمہ اریگیشن کی ناقص حکمت عملی نے گزشتہ کئی دہائیوں سے نہری نظام کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے

گنداخہ: (نامہ نگار) معروف زمیندار میر احمد علی صوبدرانی جمالی نے کہا ہے کہ کھیر تھر کینال کی ذیلی ٹیل شاخوں اور نہروں میں تاحال زرعی پانی نہ پہنچنے کے باعث سینکڑوں کاشتکار شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ وسیع زرعی رقبہ بنجر ہوتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی غیر منصفانہ تقسیم، بااثر عناصر کی مبینہ مداخلت اور محکمہ اریگیشن کی ناقص حکمت عملی نے گزشتہ کئی دہائیوں سے نہری نظام کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں تحصیل پریس کلب (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے ڈپٹی کمشنر صحبت پور کی زیر صدارت اہم اجلاس

صحبت پور (خ ن) مون سون کے ممکنہ اثرات اور ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں کے سربراہان اور غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے نمائندوں نے شرکت کی

ڈپٹی کمشنر اُستاد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

5 اگست یوم استحصالِ کشمیر اور 14 اگست یوم آزادی پاکستان کو شایانِ شان طریقے سے منانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال

اُستاد محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستاد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت آج ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری، محکمہ تعلیم کے عبدالحمید مینگل، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں 5 اگست یوم استحصالِ کشمیر اور 14 اگست یوم آزادی پاکستان کو شایانِ شان طریقے سے منانے کے حوالے سے تفصیلی (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

وندر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز حب لسبیلہ عبدالہادی ڈام میں بلدیاتی نمائندگان اور ماہی گیروں کی موجودگی میں اسپیڈ بوٹس فراہمی کی مناسبت سے منعقدہ تقیب میں اظہار خیال کر رہے ہیں

حکومت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے، صوفی خاوند بخش چنہ

حکومتی پالیسیوں سے اختلاف اور اپنے بنیادی حقوق کیلئے پرامن احتجاج ہر شہری کا آئینی اور جمہوری حق ہے

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے ضلعی امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی اور دیگر اراکین عاملہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کشمیری عوام پر مبینہ فائرنگ، تشدد اور طاقت کے استعمال کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام پر مبینہ تشدد اور فائرنگ قابلِ مذمت، شہریوں کو آئینی و جمہوری حقوق سے محروم نہیں کیا جا سکتا، نہتے شہریوں پر گولیاں برسانا اور پرامن احتجاج کو طاقت سے دبانا انسانی حقوق، جمہوری اقدار اور (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

گنداواہ میں شدید گرمی کے باعث جھل مگسی میں گرمیوں کی تعطیلات 20 اگست تک بڑھائی جائیں، والدین

گنداواہ جھل مگسی (این این آئی) ضلع جھل مگسی میں جاری شدید گرمی کی لہر کے باعث والدین، اور مختلف سماجی و عوامی حلقوں نے حکومتِ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ سمر زون کے اسکولوں کی گرمیوں کی تعطیلات (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

صوبے بھر میں اشتہاری، مجرموں ملزمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف خصوصی مہم جاری

تین ہفتوں میں 107 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کر لئے گئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق صوبے بھر میں اشتہاری، مجرموں ملزمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران گزشتہ تین ہفتوں میں 107 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کر لئے گئے ہیں۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر کوئٹہ سمیت صوبے کی ساتوں رینجز میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس رکھنے اور قانون پسند شہری کے تحفظ کو یقینی بنانے (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

سوشل میڈیا پر قلات ڈویژن کے حوالے سے نوٹیفکیشن معطل کیے جانے کی خبروں کی تردید

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے سوشل میڈیا پر قلات ڈویژن کے حوالے سے نوٹیفکیشن معطل کیے جانے کی خبروں کی تردید کر دی۔ رجسٹرار بلوچستان ہائی (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

دھنی بخش مگسی کو جعفر آباد پریس کلب کا صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں، ڈھاڑ پریس کلب

بولان (این این آئی) ڈھاڑ پریس کلب کے بانی و بزرگ و کہنہ مشق صحافی حاجی عبد الفتاح بنگلوئی، صدر پریس کلب ڈھاڑ محمد عارف بنگلوئی، جنرل سیکرٹری عبدالحئی گولہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سمیع اللہ جلبانی، فنانس سیکرٹری غلام فاروق جتوئی، رابطہ سیکرٹری (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

قلات میں خواتین کیلئے مڈوائفری کورس کا شاندار موقع میسر کر دیا گیا

قلات کی بیٹیوں پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل (PNMC) کے منظور شدہ نصاب کی مطابق نرسنگ کی تعلیم اور تربیت دی جائیگی

قلات (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات اور وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی کوششوں سے پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشیٹو PPHI پروگرام کے تحت قلات میں خواتین کیلئے مڈوائفری کورس کا شاندار موقع میسر کر دیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے جاری کئے گئے پیغام میں قلات کی بیٹیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس شاندار موقع سے (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام کا نصب العین ملک میں اسلام کے عادلانہ نظام کا نفاذ ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

جمعیت علماء اسلام ملک وقوم کو ایسی ہی مخلص، دیانت دار اور عوام دوست قیادت فراہم کرنے کی صلاحیت اور عملی وژن رکھتی ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ یکم اگست سے تحصیلوں اور یونٹوں کے شروع ہونے والے تنظیمی دورے ضلع کوئٹہ کے ضلعی نظم و نسق اور جماعتی فعالیت کے لیے نہایت نیک شگون ثابت ہوں گے۔ ان دوروں کا بنیادی مقصد جماعت (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور حاجی عین اللہ شمس تحصیلوں اور یونٹوں کے نمائندہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کمشنر نصیر آباد کا زیرِ تعمیر میڈیکل کالج نصیر آباد کے منصوبے کا دورہ

منصوبے پر پی سی ون کے مطابق تعمیراتی سرگرمیوں کا فوری طور پر دوبارہ آغاز وقت کی اہم ضرورت ہے، صلاح الدین نورزئی

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے زیرِ تعمیر میڈیکل کالج نصیر آباد کے منصوبے کا دورہ کر کے تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ لیا، جہاں منصوبے پر تعمیراتی کام التوا کا شکار پایا گیا۔ اس موقع پر کمشنر صلاح الدین نورزئی نے تعمیر شدہ فاؤنڈیشن اور دیگر تعمیراتی کام کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ میڈیکل کالج کا یہ اہم منصوبہ وفاقی حکومت کی جانب سے منظور شدہ ہے جس کیلئے باقاعدہ فنڈز بھی مختص کیے گئے ہیں اور اس کی تکمیل نصیر آباد ڈویژن سمیت پورے خطے کے عوام کیلئے انتہائی سود مند ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے پر پی سی (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

محکمہ خزانہ نے کنٹری پینشن اسکیم (CPS) کے نفاذ کے سلسلے میں مختلف پنشن فنڈ منیجرز سے معاہدہ کر لیا

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کے محکمہ خزانہ نے کنٹری پینشن اسکیم (CPS) کے نفاذ کے سلسلے میں مختلف پنشن فنڈ منیجرز سے معاہدہ کر لیا ہے۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق یکم جولائی 2024 کے بعد سرکاری ملازمت اختیار کرنے والے تمام (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر سیوی کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی ڈسٹرکٹ آفس میں ماہانہ جائزہ اجلاس

سیوی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سیوی منصور علی شاہ کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی ڈسٹرکٹ آفس میں ماہانہ جائزہ اجلاس (MRM) منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم اینڈ ای آفیسر لالہ صمد خان عثمانی، ڈاکٹر ذیشان بشیر (ADHO)، محمد آصف جگ (پاپولیشن آفیسر) اور ضلع بھر کے تمام بی ایچ یو انچارجز نے شرکت کی۔

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی تحصیل کنگری کی مختلف یونین کونسلز کا تفصیلی دورہ

کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہ جائے، ڈاکٹر نادر ایسوٹ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر ایسوٹ نے تحصیل کنگری کی مختلف یونین کونسلز کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر IHHN کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مجیب الرحمٰن بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران غزوندی راڑہ شم اور کوٹ خان محمد کا معائنہ کیا گیا۔ اس دورے کا بنیادی مقصد جاری 16 روزہ IOA سرگرمیوں کا جائزہ لینا اور فیلڈ میں جاری (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

قلات، اسسٹنٹ کمشنر اسد سالانی منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

حب پولیس کی اہم اور کامیاب کارروائی، کمسن بچہ ارسلان بحفاظت بازیاب

اغواء جیسے سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل درآمد جاری رکھا جائے گا، سیف اللہ درانی

حب (پ ر) سپرنٹنڈنٹ آف پولیس/ ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات اور نگرانی میں حب پولیس نے ایک اہم اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مئی 2026 میں اغواء ہونے والے کمسن بچے ارسلان ولد شبیر احمد کو بحفاظت بازیاب کروا کر اس کے اہلِ خانہ کیا۔ واقعہ کے بعد تھانہ حب سٹی میں مقدمہ نمبر 279/2026 بجرم دفعہ 365/34 تعزیرات پاکستان (PPC) درج کر کے تفتیش کا آغاز کیا گیا۔ ایس پی حب کی ہدایات پر ڈی ایس (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

گوادر تیزی سے بین الاقوامی بحری تجارت اور میری ٹائم سروسز کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے، جنید انوار

گوادر پورٹ کی ترقی نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی معیشت کیلئے بھی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

گوادر (خ ن) گوادر پورٹ نے دوسرا کمرشل بنکرنگ آپریشن (Commercial Operation Bunkering) کامیابی سے مکمل کر کے پاکستان کی بحری معیشت (Blue Economy) اور گوادر کو علاقائی میری ٹائم حب (Hub Maritime Regional) بنانے کی جانب ایک اور اہم سنگِ میل عبور کر لیا ہے۔ اس بنکرنگ آپریشن کے دوران ایل این جی کیریئر (Carrier LNG) ایم وی ایلسیلیریٹ شینا نڈوہ (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

سوراب ریڑھی بانوں کے مسائل، بازار میں نظم وضبط اور ٹریفک کی روانی سے متعلق اجلاس

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ کی زیر صدارت ریڑھی بانوں کے مسائل، بازار میں نظم وضبط اور ٹریفک کی روانی سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

گوادر، پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 12 یرغمالی افراد کو بازیاب کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ کا مختلف مراکزِ صحت کا تفصیلی دورہ

نئی عمارت کی تکمیل سے علاقے کے عوام کو بہتر، معیاری اور جدید طبی سہولیات میسر آئیں گی

تمپ (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ ڈاکٹر نوروز یعقوب نے اسسٹنٹ کمشنر تحصیل مند حسن میروانی اور ڈی ایس ایم (PPHI) حاجی خان کے ہمراہ تحصیل مند کے مختلف مراکزِ صحت کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران آر ایچ سی سرومند، بی ایچ یو کواک اور بی ایچ یو بلوکا معائنہ کیا گیا۔ وفد نے ہسپتالوں کے او پی ڈی، لیبارٹری، نیوٹریشن پروگرام، ای پی آئی سینٹرز سمیت دیگر شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

تربت یونیورسٹی میں پیشہ ورانہ اور ڈیجیٹل اسکلز شارٹ کورسز کے امیدواروں کیلئے پروقار اور مینٹیشن سیشن

شارٹ کورسز حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے مالی تعاون سے تربت یونیورسٹی کے سٹی کیمپس میں منعقد کئے جائیں گے

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے سٹی کیمپس میں پیشہ ورانہ اور ڈیجیٹل اسکلز شارٹ کورسز کے امیدواروں کیلئے ایک پروقار اور مینٹیشن سیشن منعقد کیا گیا۔ یہ شارٹ کورسز حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے مالی تعاون سے تربت یونیورسٹی کے سٹی کیمپس میں منعقد (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کسی بھی شہری کو جائز مسئلے کے حل کیلئے مایوس نہیں کیا جائیگا، نور محمد دمڑ

حلقے کے عوام کے ہر قسم کے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہیں گے

حلقے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے اپنے دفتر میں حلقہ انتخاب کے دور دراز علاقوں سے آنے والے عوامی وفود اور سائلین سے ملاقات کی اور ان کے مسائل ومشکلات تفصیل سے سنے اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے عوامی مسائل کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو بعض سائلین کے مسائل کے فوری حل کیلئے ضروری اقدامات (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

گنداواہ میں نامعلوم مسلح افراد دکان سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے

جھل مگسی (این این آئی) گنداواہ میں نامعلوم مسلح افراد دکان سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو گنداواہ شہر میں نامعلوم مسلح افراد نریش کمار ناگدیو کی دکان میں داخل ہوئے اور اسلحہ (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر چھتر کا ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ

عوامی مفاد کے منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا معیار میں کمی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، بشیر احمد

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دوریندر لعل کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد نے ایس ڈی او بی اینڈ آر سجاد علی عمرانی کے ہمراہ ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا دورے کے دوران بلیک ٹاپ روڈ رسول بخش بگٹی، بلیک ٹاپ روڈ امام بخش بگٹی، بلیک ٹاپ روڈ شمہ واہ اور بلیک ٹاپ روڈ سلطان کوٹ سمیت اہم شاہراہوں کی تعمیر و (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

وندر ڈام میں حکومت بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ اسپیڈ بوٹس تقریب کے موقع پر فشریز ڈیپارٹمنٹ اور ماہی گیروں کا لیا گیا گروپ فوٹو

معاشرہ انسان کو محنت، نیت یا جدوجہد کی بنیاد پر نہیں، نتیجے کی بنیاد پر پرکھتا ہے

ناکامی کے بعد انسان کو کمزور بے وقوف یا نااہل قرار دے کر اس کا مذاق اڑاتے ہیں

ڈیرہ اللہ یار۔ ((بیورو چیف) معاشرے کا عمومی رویہ یہ ہے کہ وہ انسان کو اس کی محنت، نیت یا جدوجہد کی بنیاد پر نہیں بلکہ اس کے نتیجے کی بنیاد پر پرکھتا ہے جب کوئی شخص کسی مقصد، کاروبار، یا خواب میں ناکام ہوتا ہے تو لوگ اس کی جدوجہد، قربانیوں اور راستے کی مشکلات کو نظر انداز کر دیتے ہیں ناکامی کے بعد انسان کو کمزور بے وقوف یا نااہل قرار دے کر اس کا مذاق اڑاتے ہیں جس سے اس شخص کیلئے دوبارہ اٹھنا اور کوشش کرنا مزید دشوار ہو جاتا ہے۔ جب وہی (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بدامنی تشویشناک

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی آئینی ذمہ داری ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں امن و امان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی آئینی ذمہ داری ہے۔ آئے روز بے گناہ انسانی جانوں کا ضیاع، مسلح واقعات اور خوف وعدم تحفظ کی فضا کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔

ثروب دانش اسکول کی تعمیر میں کسی قسم کی رکاوٹ قابل قبول نہیں، پشتونخوا میپ

ثروب (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ثروب کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ سال ثروب میں دانش اسکول کے قیام کی منظوری دی گئی تھی، جس پر پورے علاقے کے عوام نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ اس منصوبے کو علاقے کی (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

عدالت عالیہ بلوچستان کا حکم نامہ

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک حکم نامے کے مطابق مورخہ 29 جولائی 2026 کو آئینی درخواست نمبر 1062/2016 کی سماعت کے دوران فریقین کو آئندہ سماعت کیلئے نوٹسز جاری کرنے کے احکامات صادر فرمائے گئے ہیں سوشل میڈیا پر قلات ڈویژن (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

ڈام بندر میں ماہیگیروں کو اسپیڈ بوٹس فراہمی کی تقریب

محکمہ فشریز بلوچستان ماہیگیروں کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

سومیانی وندر (رپورٹر/ زبیر بلوچ) وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، پارلیمانی سیکرٹری برائے فشریز حاجی برکت رند، سیکریٹری فشریز طارق قمر، ڈی جی فشریز عتیق اللہ، ڈائریکٹر فشریز حب لسبیلہ ظہور شاہ کی ہدایت پر ساحلی علاقے ڈام بندر میں ماہیگیروں کو اسپیڈ بوٹس فراہمی کی تقریب منعقد کی گئی۔ پروجیکٹ 2019/2020 میں حکومت بلوچستان (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رہیں گی، ایاز احمد بلوچ

دہشت گرد عناصر کی بزدلانہ کارروائیاں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں

بارکھان (خ ن) ڈی آئی جی کوہِ سلیمان ریچ ایاز احمد بلوچ نے شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید افسر نے امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے فرض شناسی، بہادری اور جرات کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان میں شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کی میت منتقل کیے جانے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد عناصر کی بزدلانہ (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ ہائی سکول جان محمد روڈ کہ ایڈمائسٹریٹر حمید اغا اختر سالار مولانا عبدالخیر صاحب سٹیلائٹ ٹاؤن سکول کا وزٹ کر رہے ہیں

انتظامیہ قلات کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر قلات کے زیر صدارت کھلی کچہری

کوئنگ میں پینے کے پانی کی قلت اور دیگر اہم مسائل اجاگر کیئے گئے

قلات (خ ن) حکومت بلوچستان کے حکامات پر ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر قلات اسد سالانی کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں تحصیلدار قلات حاجی عبدالغفار لہڑی سمیت تمام محکموں کے سربراہان علاقہ معززین سیاسی (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

کمیٹی کی کارروائی کو مؤثر اور غیر جانبدار بنایا جائے، حاجی نوید ہاشمی

بیلہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) حاجی نوید ہاشمی انکے ہمراہ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ڈسٹرکٹ لسبیلہ عبدالرشید نے اسسٹنٹ کمشنر بیلہ، نصیب اللہ بڑیچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔

پاکستان اس وقت اپنی تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہا ہے، سید مظہر سعید کاظمی

امریکی نیو ورلڈ آرڈر کے تحت مسلم ممالک بالخصوص پاکستان کے خلاف عالمی استعماری سازشیں کی جا رہی ہیں

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) جماعت اہل سنت پاکستان کے سربراہ علامہ سید مظہر سعید کاظمی نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت اپنی تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہا ہے اسے داخلی اور خارجی محاذ پر بے شمار چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہم ان حالات میں ملکی سالمیت واستحکام اور قیام امن کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے وہ گزشتہ روز جماعت (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ بگٹی پولیس نے منشیات کے خلاف جاری مہم کے دوران کامیاب کارروائی

ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چرس برآمد کر لی

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) ڈیرہ بگٹی پولیس نے منشیات کے خلاف جاری مہم کے